# کووِڈ-19 البرٹا ہیلتھ روزانہ کی چیک لِسٹ (18 سال سے کم عمر بچوں کے لئے)

**جائزہ**

اس چیک لِسٹ کا اطلاق تمام بچوں کے علاوہ ان تمام طلباء پر ہوتا ہے جو کنڈرگارٹن سے گریڈ 12 تک پڑھتے ہیں، اس میں 18 سال سے زائد عمروں کے ہائی اسکول کے طلباء بھی شامل ہیں۔ بچوں کو اسکول، چائلڈ کیئر یا دیگر سرگرمیوں میں جانے سے پہلے اس پوری چیک لسٹ کے مطابق ان کی ہر روز اسکریننگ کی جانی چاہئے۔ اسکریننگ کے اس ٹول کو مکمل کرنے کیلئے بچوں کو اپنی مدد کرنے کیلئے والد، والدہ یا سرپرست کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

اگر آپ کے بچے نے پچھلے 14 دنوں میں کینیڈا سے باہر سفر کیا ہے، تو حکومت کینیڈا ٹریول ٹیسٹنگ، قرنطینہ اور بارڈرز کی ہدایات، پر عمل کریں، بشمول زیادہ خطرے والے ماحول میں شرکت سے متعلقہ مسافروں کیلئے کوئی بھی ضروریات۔

اگر پچھلے 10 دنوں کے اندر اندر، آپ کے بچے کو پبلک ہیلتھ نے مطلع کیا ہے کہ وہ کووِڈ-19 کا کیس[3] ہے، تو اسے پبلک ہیلتھ کی ہدایات کے مطابق الگ تھلگ رہنے کی ضرورت ہے۔

**18 سال سے کم عمر بچوں کیلئے اسکریننگ کے سوالات:**

| | | | |
|---|---|---|---|
| **.1** | **کیا آپ کا بچہ پچھلے 14 دنوں میں کووِڈ-19 کے کیس[2] کا گھریلو رابطہ رہا ہے؟**<br>*گھریلو رابطہ: ایک فرد جو اسی رہائش گاہ میں رہتا ہے جس میں کیس رہتا ہے یا جو کووِڈ-19 کے کیس کے ساتھ بار بار، طویل عرصے تک، قریبی فاصلے پر بات چیت میں رہا ہے۔ مثال کے طور پر، بہن بھائی، کوئی جو اس گھر میں سوتا ہے، یا کوئی جو بچے کو براہِ راست جسمانی دیکھ بھال فراہم کرتا ہے۔* | ہاں | نہیں |

**اگر جواب "ہاں" میں ہے اور انہیں مکمل طور پر حفاظتی ٹیکے[4] نہیں لگے ہوئے:**

- بچے کو گھر پر رہنا چاہئے اور ایکسپوزر کے آخری دن سے 14 دنوں تک اسکول، چائلڈ کیئر اور/ یا دیگر سرگرمیوں میں شرکت نہیں کرنی چاہئے اور علامات کی نگرانی کرنی چاہئے۔ اگر آپ کے بچے میں علامات موجود ہیں، تو سوال 2 پر جائیں۔

**اگر سوال 1 کا جواب "نہیں" میں ہے، تو سوال 2 پر جائیں۔**

**.2 کیا بچے میں مندرجہ ذیل بنیادی علامات میں سے کوئی نئی ابتدا (یا خراب ہوتی ہوئی علامت) موجود ہے؟**

| | | |
|---|---|---|
| **بخار**<br>درجہ حرارت 38 ڈگری سینٹی گریڈ یا اس سے زائد | ہاں | نہیں |
| **کھانسی**<br>مسلسل، معمول سے زیادہ، دیگر معروف وجوہات یا کیفیات سے متعلقہ نہیں ہے جیسے کہ دمہ | ہاں | نہیں |
| **سانس لینے میں دشواری**<br>مسلسل، سانس لینے کی کمی، گہری سانس لینے سے قاصر، دیگر معروف وجوہات یا کیفیات سے متعلقہ نہیں ہے جیسے کہ دمہ | ہاں | نہیں |
| **ذائقے یا بُو کا احساس ختم ہو جانا**<br>دیگر معروف وجوہات یا کیفیات سے متعلقہ نہیں ہے جیسے کہ الرجی یا اعصابی عوارض | ہاں | نہیں |

**اگر بچے نے سوال 2 میں کسی بھی علامت کا "ہاں" جواب دیا ہو تو:**

- ☐ سی ایم او ایچ آرڈر کے مطابق بچے کو علامات ظاہر ہونے کے آغاز سے 10 دنوں کیلئے الگ تھلگ رہنا چاہئے یا کووِڈ-19 ٹیسٹ کا منفی نتیجہ حاصل کرنا چاہئے اور سرگرمیوں میں واپس آنے سے پہلے بہتر محسوس کرنا چاہئے۔
- ☐ ٹیسٹنگ کے انتظامات کیلئے اور الگ تھلگ رہنے کے بارے میں اضافی معلومات حاصل کرنے کیلئے اے ایچ ایس آن لائن ایسیسمینٹ ٹول استعمال کریں یا ہیلتھ لِنک 811 پر کال کریں۔

**اگر سوال 2 میں موجود تمام علامات کا جواب "نہیں" میں ہے، تو سوال 3 پر جائیں۔**

3 لیبارٹری سے تصدیق شدہ کیس یا ممکنہ کیس جیسے کہ البرٹا کووِڈ-19 نوٹیفائی ایبل ڈیزیز گائیڈ لائن میں بیان کیا گیا ہے۔

4 ایک فرد جس نے کووِڈ-19 کیلئے ویکسین کی مکمل سیریز لگوائی ہوئی ہو اور دو خوراکوں کی سیریز میں دوسری خوراک کے بعد 14 دن ہوئے ہوں۔

Archived

| .3 | کیا بچے میں مندرجہ ذیل دیگر علامات میں سے کوئی نئی ابتدا (یا خراب ہوتی ہوئی علامت) موجود ہے؟ | | |
|---|---|---|---|
| | کپکپاہٹ<br>بخار کے بغیر، سرد موسم میں باہر رہنے سے تعلق نہیں رکھتی | ہاں | نہیں |
| | گلے کی سوزش / نگلنے میں تکلیف<br>دیگر معلوم وجوہات/کیفیات سے متعلقہ نہیں، جیسے کہ موسمی الرجی یا ریفلکس (reflux) | ہاں | نہیں |
| | بہتی ہوئی ناک / ناک کی بندش<br>دیگر معلوم وجوہات/کیفیات سے متعلقہ نہیں، جیسے کہ موسمی الرجی یا سرد موسم میں باہر رہنا | ہاں | نہیں |
| | طبیعت کی خرابی / تھکاوٹ محسوس کرنا<br>توانائی کی کمی، شِیر خوار بچوں کو ناقص غذا دینا، دیگر معلوم وجوہات یا کیفیات سے متعلقہ نہیں ہے، جیسے کہ ذہنی دباؤ، بےخوابی، تھائی رائیڈ کا درست کام نہ کرنا یا اچانک چوٹ لگنا | ہاں | نہیں |
| | متلی، الٹی اور/یا اسہال<br>دیگر معروف وجوہات یا کیفیات سے متعلقہ نہیں، جیسے کہ پریشانی، دوا یا خراش آور معائی علامیہ | ہاں | نہیں |
| | بلاوجہ بھوک نہ لگنا<br>دیگر معلوم وجوہات یا کیفیات سے متعلقہ نہیں، جیسے کہ اضطراب یا دوا | ہاں | نہیں |
| | پٹھوں / جوڑوں کا درد<br>دوسری معلوم وجوہات یا کیفیات سے متعلقہ نہیں، جیسے کہ وجع المفاصل یا چوٹ | ہاں | نہیں |
| | سَر درد<br>دوسری معروف وجوہات یا کیفیات سے متعلقہ نہیں، جیسے کہ ذہنی دباؤ کی طرح کا سر درد یا دائمی درد شقیقہ | ہاں | نہیں |
| | آشوب چشم (جسے عام طور پر گلابی چشم کہا جاتا ہے) | ہاں | نہیں |

**اگر سوال 3 میں ایک علامت کیلئے جواب "ہاں" میں ہے:**

- ☐ اپنے بچے کو گھر میں رکھیں اور 24 گھنٹوں کیلئے اسکی نگرانی کریں۔
- ☐ اگر 24 گھنٹوں کے بعد اس کی علامت میں بہتری آرہی ہو، اور جب وہ کافی بہتر محسوس کرنے لگے تو وہ اسکول اور سرگرمیوں میں واپس آسکتا ہے۔ ٹیسٹنگ ضروری نہیں ہے۔
- ☐ اگر 24 گھنٹوں کے بعد بھی علامت بہتر نہیں ہوتی یا خراب ہو جاتی ہے (یا اضافی علامات ظاہر ہوتی ہیں)، تو اے ایچ ایس آن لائن ایسیسمینٹ ٹول کا استعمال کریں یا اس بات کا تعین کرنے کیلئے ہیلتھ لِنک 811 پر کال کریں کہ آیا ٹیسٹنگ تجویز کی جاتی ہے۔

**اگر سوال 3 میں دو یا زیادہ علامات کیلئے جواب "ہاں" میں ہے:**

- ☐ اپنے بچے کو گھر پر رکھیں۔
- ☐ اے ایچ ایس آن لائن ایسیسمینٹ ٹول کا استعمال کریں یا اس بات کا تعین کرنے کیلئے ہیلتھ لِنک 811 پر کال کریں کہ آیا ٹیسٹنگ تجویز کی جاتی ہے۔
- ☐ آپ کا بچہ اسکول اور سرگرمیوں میں واپس آسکتا ہے جب اس کی علامات ختم ہوجائیں جب تک کہ اس کی علامات شروع ہونے میں کم سے کم 24 گھنٹے ہوئے ہوں۔

**اگر تمام سوالوں کا جواب "نہیں" میں ہے:**

- ☐ آپ کا بچہ اسکول، چائلڈ کیئر اور/ یا دیگر سرگرمیوں میں شریک ہو سکتا ہے۔

**براہِ کرم نوٹ کریں:** اگر آپ کا بچہ مندرجہ بالا فہرستوں میں سے کسی علامات کا سامنا کررہا ہے، تو اسے 10 دن تک مسلسل نگہداشت یا شدید نگہداشت کی سہولیات پر وِزٹ کیلئے ہمراہ نہ لائیں جب سے علامات شروع ہوئیں یا جب تک کہ علامات ٹھیک ہو جائیں (جو بھی لمبا عرصہ ہو) تاوقتیکہ وہ کووِڈ-19 ٹیسٹ کا منفی نتیجہ وصول کرلے اور بہتر محسوس کرنے لگے۔

Archived